نوحہ

مقتل میں ایک حشر کا منظر ہے الاماں
شہہؑ کے گلے پہ شمر کا خنجر ہے الاماں

سوکھے گلے پہ کُند چھری پھیرتے ہو کیوں
نوحہ کناں حسینؑ کی مادر ہے الاماں

سرورؑ کی پشت پر ہے ستمگر چڑھا ہوا
خیمے کے در پہ زینبِؑ مضطر ہے الاماں

مقتل میں چل رہی ہیں بلا خیز آندھیاں
نہرِ فرات خوں کا سمندر ہے الاماں

ہے زلزلوں سے زیر و زبر دشتِ کربلا
ہنگامِ قتلِ سبطِ پیمبرؑ ہے الاماں

بیمار غش سے چونک کے اُٹھا تو ہے مگر
نوکِ سناں پہ اب سرِ سرورؑ ہے الاماں

مقتل میں کر رہی ہے سکینہؑ جسے تلاش
جانے کہاں وہ لاشہِ بے سر ہے الاماں

بیمارؑ کو پھپھی نے نکالا ہے آگ سے
شعلوں میں اب غریب کا بستر ہے الاماں

بعدِ حسینؑ ظلم کی حد ہو گئی کلیمؔ
زینبؑ کے سر پہ خاک کی چادر ہے الاماں

شاعرِ اہلِ بیت کلیمؔ ظفر (کینیڈا)